عابد حسین، واجد حسین اور مناظر حسین (چکری پنڈ دادنخان) کو صدمہ

مورخہ 18 فروری بروز جمعہ عابد حسین، واجد حسین و مناظر حسین کے والد ساجد حسین (چکری پنڈ دادنخان) طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم اپنے علاقہ میں جماعت کے انتہائی مخلص بزرگ تھے۔دینی پروگراموں میں شرکت کا بڑا ہی شوق تھا اور مسلک کی محبت ان کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

محمد عادل و محمد جہانگیر کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز سوموار محمد عادل کے والد اور محمد جہانگیر کے بھائی منیر احمد وفات پاگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ نمبر 3 کے مستقل نمازی اور با اخلاق انسان تھے۔نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

خورشید احمد (خورشید جیولرز)، فاروق احمد یوسفی و محمد صدیق یوسفی کو صدمہ

مورخہ 22 فروری بروز منگل خورشید احمد (خورشید جیولرز) کی پھوپھی، فاروق احمد یوسفی و محمد صدیق یوسفی کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

رئیس الجامعہ و مدیر الجامعہ کو صدمہ

مورخہ یکم مارچ بروز منگل رئیس الجامعہ کی پھوپھی اور مدیر الجامعہ کی نانی محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم و صلوٰۃ اور تلاوت قرآن کی پابند خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

با اعتماد نام

پرسکون عمرہ کی ادائیگی کیلئے

الحرا

انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ٹریولز اینڈ ٹورز

رہائش و ٹرانسپورٹ آپ کی مرضی کے مطابق

فیملی/ اکانومی و سٹار پیکیج کیلئے عمرہ کی بکنگ جاری ہے۔

چیف ایگزیکٹو: اکرام الحق 0321-5903002

ہیڈ آفس: آفس نمبر 4 فسٹ فلور جاوید بلڈنگ سول لائن جہلم

فون: 0544-405936 , 0544-720239 فیکس: 0544-620510